فوری ریلیز کے لیے: 2024/17/7 ***گورنر KATHY HOCHUL***

خاندانی و سول عدالتوں میں زیرِ التوا مقدمات کے انبار میں کمی کی خاطر گورنر HOCHUL کے قانون سازی پر دستخط

قانون سازی S.9839/A.10540 خاندانی و سول عدالتوں کے ججوں کی تعداد میں اضافہ کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے ریاست بھر میں تعینات و منتخب کردہ ججوں کی تعداد میں توسیع کر کے خاندانی و سول عدالتوں میں زیرِ التوا مقدمات کے انبار کو کم کرنے کی خاطر آج قانون سازی پر دستخط کیے ہیں۔

"سول و خاندانی عدالتیں اُن چند انتہائی حساس مسائل کا تصفیہ کرتی ہیں کہ جن کا نیو یارک کے باشندگان کو سامنا ہے، اور کافی عرصے سے، زیرِ التوا اور موخر کردہ مقدمات کے انبار نے اُن کے موثر طور پر کام کرنے کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا کی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ قانون سازی عدالتوں کو زیرِ التوا مقدمات کے انبار سے نمٹنے اور ایک ایسا منصفانہ و موثر نظامِ انصاف چلانے کی خاطر وسائل فراہم کرتی ہے کہ جس کے نیو یارک کے باشندے حقدار ہیں۔"

قانون سازی S.9839/A.10540 پوری ریاست نیو یارک میں خاندانی و سول عدالتوں کے ججوں کی تعداد میں 28 کا اضافہ کرتی ہے۔ دو نساؤ کاؤنٹی کو تفویض کیے جائیں گے، دو سافک کاؤنٹی کو تفویض کیے جائیں گے، اور ایک اضافی جج درج ذیل ہر ایک کاؤنٹی کو تفویض کیا جائے گا: کایوگا، چینانگو، کورٹلینڈ، ایری، جیفرسن، رینسیلر، راکلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹیز۔ قانون سازی نیو یارک شہر کے لیے بھی 16 ججز شامل کرے گی، جن میں شہر بھر کی سطح کی وہ پوزیشنز شامل ہیں کہ جو شہر نیو یارک کے میئر کی صوابدید پر پانچ بوروز کے مابین تقسیم کی جائیں گی۔ یہ اصلاحات بطریقِ احسن دستاویز بند زیرِ التوا مقدمات کے انبار اور خاندانی عدالت کی تمام تر عمل کاری میں تاخیروں پر کام کریں گی اور کارروائی کے عمل تیز کریں گی۔ OCA مسلسل اس بات کی نگرانی کر رہا ہے کہ ریاست بھر میں ججوں کی ضرورت کہاں پر ہے اور عدالتی وسائل کی متوازن و موثر تقسیم کو یقینی بنانے کی خاطر انفرادی کمیونٹیز کی ضرورتوں پر کام کرے گا۔

ریاست نیو یارک کی اپیلوں کی عدالت (Court of Appeals) کے چیف جج Rowan Wilson نے کہا، "اذیت میں مبتلا خاندانوں کی ضرورتوں کو پورا کرنا ریاست نیو یارک کے متحدہ عدالتی نظام کی اوّلین ترجیحات میں سے ایک ہے، اور ہم گورنر Hochul اور مجلسِ قانون ساز کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس اہم معاملے پر قیادت کی۔ ریاست بھر میں ججوں کے یہ نئے عہدے تخلیق کرنا، خاندانوں کو خدمات کی فراہمی کی خاطر درکار وسائل میں کیے گئے اضافے کے ساتھ مل کر، بچوں اور خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے اور یہ یقینی بنانے کی ہماری جاری و ساری کاوشوں کو بڑی حد تک بہتر بنائے گا کہ خاندانی عدالت میں پیش ہونے والے افراد کو ایک منصفانہ، پُرفکر اور تیز رفتار انصاف موصول ہو، جس کے وہ حقدار ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Brad Hoylman-Sigal نے کہا، "ہمارے خاندانی عدالتی نظام سے کچھ نہایت اہم اور نجی قانونی معاملات ہو کر گزرتے ہیں مگر کچھ وقت سے، وسائل کی کمی کے سبب، ہماری ریاست کا خاندانی عدالت کا نظام بےربطگی کا شکار ہو چکا ہے۔ گزشتہ موسمِ خزاں میں، اِن خدشات کی تفصیلی وضاحت اور ممکنہ حل کی تدابیر پر غور کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کی سینیٹ نے ریاست نیو یارک کی خاندانی عدالت کے بحران پر ایک سماعت

منعقد کی تھی۔ اس سماعت، اور میرے دفتر کی جانب سے اس کے نتیجے میں شائع کردہ رپورٹ سے سامنے آنے والی کئی قیمتی تجاویز میں سے ایک یہ تھی کہ خاندانی عدالت کے ججوں کی تعداد میں اضافے کی اشد ضرورت تھی کہ جس سے نظام کے اندر التوا کے شکار ہزاروں مقدمات سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔ آج مجھے نہایت خوشی ہے کہ من و عن یہی کام کرنے کی خاطر رکن اسمبلی Dais کے ساتھ مل کر میرا پیش کردہ بل منظوری پا کر قانون بن چکا ہے۔ ہم پوری ریاست نیو یارک میں خانندانی عدالتوں کے لیے 24 نئے سول عدالت کے جج تیار کریں گے۔ میں سینیٹ کے اکثریتی رہنما Stewart-Cousins اور گورنر Hochul کا شکرگزار ہوں کہ اُنہوں نے ہمارے آئین سازوں کے خدشات سُنے اور ریاستی بجٹ اور آج اس قانون کی منظوری میں بھی ہمارے خاندانی عدالت کے نظام میں وسائل بڑھانے کا وعدہ کیا۔ مجھے امید ہے کہ ججوں کے عہدوں میں اس اضافے سے مزید بچوں اور خاندانوں کو، بروقت انداز میں، اپنے مقدمات کی سنوائی، اور انصاف طلب کرنے کا موقع میسر آئے گا۔"

رکن اسمبلی Landon C. Dais نے کہا، "میں نے اسمبلی میں اس بل کے سلسلے میں تعاون کیا کیونکہ میں ہمارے خاندانی و سول عدالت کے نظام میں موجود اس سنگین خلاء کو سمجھ سکتا ہوں جسے پُر کرنا لازم ہے تاکہ ہم اُن کی جانب سے ہماری کمیونٹیز کو فراہم کردہ انصاف کے معیار کو بہتر بنا سکیں۔ نیو یارک شہر اور ریاست میں خاندانی عدالتوں کے نظام میں مزید ججوں کو شامل کر کے، یہ قانون سازی کئی خاندانوں کے لیے ایک سنگِ میل نما بہتری کا پیش خیمہ ثابت ہو گی۔ بہت سارے مقدمات جزوی طور پر زیرِ التوا پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ ہماری خاندانی عدالتوں اور سول عدالتوں کے نظاموں میں ججوں کی کمی ہے کہ جس سے ہمارے زدپذیرترین طبقے پر منفی اثر مرتب ہو رہا ہے۔ جب اس بل پر عملدرآمد ہوا، تو یہ عدالتی نظام مقدماتی کارروائیوں کو تیز کر سکتے ہیں اور یوں بروقت و مساوی انداز میں زیادہ خاندانوں کو انصاف مل سکتا ہے۔ میں اس بل پر کام کرنے پر سینیٹر Brad Hoylman-Sigal کو اور اس بل پر دستخط کرنے پر گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں